27.03.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان

Music

☆ لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام ختم ہورہا ہے۔ دوسرے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن کل جاری کیا جائے گا۔

☆ بھارتی فضائیہ کے سربراہ ایئرچیف مارشل وِی آر چودھری نے کہا ہے کہ بالا کوٹ جیسی کارروائی نے یہ دکھا دیا ہے کہ سیاسی قوت اِرادی ہونے پر فضائی طاقت کو دشمن کی حدود کے اَندر مؤثر انداز سے بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔

☆ چھتیس گڑھ کے بَستر ڈویژن میں سیکورٹی فورسز کے ساتھ تصادم میں چھ ماؤنواز مارے گئے ہیں۔

☆ مارچ کے مہینے میں دیگر ایشیائی مارکیٹس کے مقابلے بھارت نے سب سے زیادہ غیر ملکی فنڈس کو راغب کیا ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں:

آج شام سَن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

Nomination First Phase

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا کام آج شام ختم ہورہا ہے، جبکہ بہار میں کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ کل ہے۔ پہلے مرحلے کے تحت 17 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام 4 علاقوں میں 102 لوک سبھا سیٹوں پر انتخابات کرائے جائیں گے۔ تمل ناڈو کی 39، راجستھان کی 12، اترپردیش کی 8، مدھیہ پردیش کی 6، اتراکھنڈ، آسام اور مہاراشٹر کی پانچ-پانچ، بہار کی 4، مغربی بنگال کی 3، اروناچل پردیش، منی پور اور میگھالیہ کی دو-دو، چھتیس گڑھ، میزورم، ناگالینڈ، سکم، تریپورہ، انڈمان و نکوبار جزائر، جموں و کشمیر، لکشدیپ اور پڈوچیری کی ایک-ایک سیٹ پر پہلے مرحلے کے تحت چناؤ کرائے جائیں گے۔ کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال کل کی جائے گی اور نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ 30 مارچ ہے۔ بہار میں کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال اِس ماہ کی 30 تاریخ کو کی جائے گی اور اگلے مہینے کی 2 تاریخ تک نام واپس لیے جاسکیں گے۔ ووٹنگ 19 اپریل کو ہوگی۔

2ND Phase Notification

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے نوٹیفکیشن کل جاری کیا جائے گا۔ اِس مرحلے میں اگلے مہینے کی 26 تاریخ کو

12 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام ایک علاقے میں 89 سیٹوں کیلئے پولنگ ہوگی۔ اِن میں کیرالہ کی 20 سیٹیں، کرناٹک میں 14 ، راجستھان میں 13 ، اترپردیش اور مہاراشٹر میں آٹھ آٹھ ، مدھیہ پردیش میں سات، آسام اور بہار میں پانچ پانچ، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ میں تین تین سیٹوں کے لیے ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس کے علاوہ منی پور، تریپورہ اور جموں وکشمیر میں ایک ایک سیٹ پر بھی اُسی دِن پولنگ ہوگی۔کاغذات نامزدگی چار اپریل تک داخل کیے جاسکیں گے۔

PIB Election

پریس انفارمیشن بیورو نے اِس سال ہونے والے عام انتخابات 2024 کی خبریں دینے والے میڈیا افراد کی خاطر ایک ہی مقام پر مختلف سہولیات فراہم کرنے سے متعلق پورٹل کے طور پر ایک Microsite کا آغاز کیا ہے، جو اِس طرح ہے: پی آئی بی ڈاٹ جی او وی ڈاٹ اِن سلیش Elect2024 سلیش اِنڈکس ڈاٹ aspx۔مذکورہ پورٹل میں ڈیجیٹل Flip Book جیسی خصوصیات بھی ہیں، جس میں مختلف دلچسپ تجزیے اور کئی طرح کے اعداد و شمار شامل ہیں۔میڈیا کے افراد اپنے مضامین تحریر کرنے کیلئے اِس جانکاری کا استعمال کرسکیں گے۔ دستیاب کرائے گئے مفید links کے توسط سے صحافی انتخابی کمیشن کی ویب سائٹ کے متعلقہ حصوں کا مشاہدہ کرسکیں گے۔ متعلقہ جانکاری اور پس منظر کے طور پر مختلف Infrographics بھی فراہم کیے گئے ہیں۔ اِس کے علاوہ عام انتخابات 2024 کے مختلف مرحلوں کے نظام الاوقات کی پوری جانکاری آسانی سے مل سکے گی۔

Air Force Seminar

فضائیہ کے سربراہ اِیئرچیف مارشل وِی آر چودھری نے کہا ہے کہ بالا کوٹ جیسی کارروائی نے یہ دکھا دیا ہے کہ اگر سیاسی قوت ارادی ہو تو فضائی طاقت کو دشمن کے حدود کے اَندر مؤثر طور پر بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔ جناب چودھری نے آج نئی دلّی میں مستقبل کی محاذ آرائی میں Aerospace طاقت کے بارے میں 15 ویں Jumbo مجمدار بین الاقوامی سمینار میں افتتاحی خطاب میں یہ بات کہی۔انھوں نے کہا کہ خلاء کو فوجی مقاصد اور ہتھیاروں کے استعمال کیلئے بروئے کار لانا ایک ناگزیر حقیقت بن گئی ہے، کیونکہ مختلف ممالک فوجی اہمیت کے حامل فائدے کیلئے خلاء پر مبنی اثاثوں پر اب زیادہ انحصار کرنے لگے ہیں۔

Army Commander Conference

آرمی کمانڈرس کانفرنس 2024 کَل سے نئی دلّی میں Hybrid mode میں شروع ہورہی ہے۔ اِس میں وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اگلے مہینے کی دو تاریخ کو خطاب کریں گے اور اعلیٰ فوجی رہنماؤں کے ساتھ گفتگو کریں گے۔ کانفرنس کے پہلے دِن فوج کے سربراہ جنرل منوج پانڈے کمان ہیڈکوارٹرز سے ورچوئل وسیلے سے شرکت کرنے والے فوجی کمانڈروں کے ساتھ گفتگو کریں گے۔ اِس بات چیت میں فیلڈ آرمی اور سابق فوجیوں کی بہبود پراثرانداز ہونے والے اہم ایجنڈے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ پہلی اپریل کو فوج کے اعلیٰ کمانڈر سرگرم تبادلۂ خیال میں حصہ لیں گے۔ دو اپریل کو کانفرنس کے آخری دِن دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان، بحریہ کے سربراہ ایڈمرل ہری کمار اور فضائیہ کے سربراہ ایئرچیف مارشل وی آر چودھری کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ اِس میں محکمۂ دفاع کے سکریٹری گریدھر اَرمنے اور دفاع کی وزارت کے کئی دیگر اہلکار بھی شرکت کریں گے۔

PM-Sandeshkhali

وزیراعظم نریندر مودی نے مغربی بنگال میں بشیر ہاٹ سے BJP کی امیدوار اور سندیش کھالی متاثرین میں سے ایک سے فون پر بات کی اور اُنہیں شکتی سوروپ کہا۔ جناب مودی نے اُن سے لوک سبھا انتخابات کے لیے تیاریوں کی مہم کے بارے میں پوچھا۔ انہوں نے سندیش کھالی معاملے میں خواتین کو درپیش مسائل کے بارے میں بتایا اور کہا کہ وہ وہاں لوگوں کی روزمرہ کی زندگی کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے سخت محنت کریں گی۔

Chattisgarh Maoists Killed

چھتیس گڑھ کے قبائلی بَستر ڈویژن میں آج سیکورٹی فورسز کے ساتھ آج ایک تصادم میں دو خاتون باغیوں سمیت چھ ماؤ نواز مارے گئے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ CRPF ، کوبرا بٹالین اور ڈسٹرکٹ ریزروگارڈ کی مشترکہ ٹیم بیجا پور ضلع کے Basaguda علاقے کے جنگلوں میں تلاشی کی کارروائی کررہی تھی۔Chipurbhatti کے نزدیک جھڑپ ہوئی۔گولی باری میں چھ ماؤ نواز مارے گئے۔ پولیس اہلکاروں نے اِس واقعے کی تصدیق کی ہے۔ بڑی تعداد میں ہتھیار اور گولی بارود کے ساتھ چھ ماؤ نوازوں کی لاشیں وہاں سے مل گئی ہیں۔ علاقے میں تلاش کی کارروائی جاری ہے۔

DG NIA

اعلیٰ IPS افسر سدانند وسنت داتے کو قومی جانچ ایجنسی NIA کا ڈائرکٹر جنرل مقرر کیا گیا ہے۔ 1990 بیچ کے اِنڈین پولیس سروس پولیس کے افسر مہاراشٹر کے دہشت گردی مخالف دستے ATS کے سربراہ کے طور پر کام کررہے ہیں۔عملے کی وزارت کے مطابق کابینہ کی تقرر سے متعلق کمیٹی نے جناب داتے کے تقرر کو منظوری دی ہے، جو 31 دسمبر 2026 کو ریٹائر ہونے کی تاریخ تک اِس عہدے پر فائز رہیں گے۔ کابینہ کی تقرر سے متعلق کمیٹی نے 1990 بیچ کے راجستھان کیڈر کے IPS افسر راجیو کمار شرما کو پولیس تحقیق اور ترقی کے بیورو کا ڈائرکٹر جنرل مقرر کیے جانے کی بھی منظوری دی ہے۔ اترپردیش کیڈر کے IPS افسر پیوش آنند کو قدرتی آفات کی صورت میں کام کرنے والی قومی فورس NDRF کا ڈائرکٹر جنرل مقررکیا گیا ہے۔ سردست وہ مرکزی صنعتی سیکورٹی فورس CISF کے خصوصی DG کے طور پر کام کررہے ہیں۔

FIIs-India

بھارت نے اِس سال مارچ کے مہینے میں غیر ملکی سرمایہ راغب کرکے بقیہ ایشیائی مارکیٹوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ غیر ملکی ادارہ جاتی سرمایہ کاروں FIIs نے دسمبر 2023 سے اب تک اپنی سب سے زیادہ خریداری کے تحت بھارتی حصص میں 3 ارب 63 کروڑ ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے۔ گھریلو اداروں میں مارکیٹ میں تقریباً 52 ہزار 467 کروڑ روپے کا سرمایہ لگایا ہے، جو 4 سال کی مدت میں سب سے زیادہ رقم ہے۔ یہ حصولیابی جغرافیائی و سیاسی بحران اور اِس تشویش کے باوجود کی گئی ہے کہ زیادہ شرحِ سود، ابھی مزید وقت تک جاری رہے گی۔

Philipines Prez-India

فلپنز کے صدر Ferdinand R. Marcos Junior نے اِس مہینے خلیج عدن میں حوثی باغیوں کی طرف سے، ایک تجارتی بحری جہاز پر کئے گئے حملے میں، فلپنز کے عملے کے ارکان کو بچانے کیلئے تیز اور فیصلہ کن کارروائی پر بھارت کا شکریہ ادا کیا

ہے۔بھارتی بحریہ کی طبی ٹیم نے خلیج عدن میں 6 مارچ کو، حوثیوں کے ایک میزائل حملے کے بعد MV Confidence کے عملے کے سبھی ارکان کو بچایا تھا۔ فلپنز کے 2 افراد سمیت عملے کے 3 افراد اِس حملے میں ہلاک ہوگئے تھے۔وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے جو فلپنز کے دورے پر تھے، اظہار تشکر کرتے ہوئے جناب مارکوز نے کہا کہ وہ فلپنز کے عملے کے ارکان کو تیز اور فیصلہ کن طریقے سے بچانے پر بھارتی حکومت کا دِل کی گہرائی سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔جناب مارکوز نے ایک فیس بک پوسٹ میں کہا کہ وہ دونوں ملکوں کے باہمی مفاد کیلئے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے تئیں پُر امید ہیں۔

Bridge Collapse Baltimore

امریکہ میں Maryland ریاستی پولیس نے کہا ہے کہ بالٹی مور میں کل، Francis Scott Key Bridge گر جانے کے حادثے میں جو 6 افراد لاپتہ ہوگئے تھے، اُن کے بارے میں اندیشہ ہے کہ وہ ہلاک ہوگئے ہیں۔ بالٹی مور میں یہ پُل، ایک مال بردار جہاز کے ٹکرا جانے سے منہدم ہوگیا تھا، اور Patapsco دریا میں گر گیا تھا۔ حکام نے بتایا کہ اندازہ ہے کہ یہ لوگ پانی کے درجۂ حرارت اور کافی وقت گزر جانے کے سبب ہلاک ہوگئے ہیں۔ سنگاپور کے پرچم والا ایک Dali Cargo بحری جہاز، بالٹی مور کی بندرگاہ سے، سری لنکا کی راجدھانی کولمبو جارہا تھا کہ اچانک اِس کی بجلی فیل ہوگئی اور یہ Francis Scott Key Bridge کے ایک ستون سے ٹکرا گیا۔ جہاز کے عملے کے سبھی 22 افراد بھارتی تھے۔ بھارت، عالمی سطح پر جہاز رانی کی صنعت میں ایک بڑے مقام کا حامل ہے۔ ہنگامی کارکنوں نے دریا سے دو لوگوں کو بچایا۔ میری لینڈ کے گورنر Wes Moore نے عملے کے لوگوں کو جانباز قرار دیا اور کہا کہ اُن کی فوری کارروائی کی وجہ سے ان لوگوں کی جانیں بچائی جاسکیں۔ کیونکہ حکام نے پُل منہدم ہونے اور فون کئے جانے کے درمیان، محض 2 منٹ کے وقفے میں جہازوں کی آمد و رفت کو روک دیا تھا۔ امریکی صدر جو بائیڈن نے کہا ہے کہ وہ اِس پُل کو نئے سرے سے تعمیر کرنے کیلئے امریکی پارلیمنٹ سے فنڈز حاصل کریں گے۔

IPL-Cricket

آئی پی ایل کرکٹ میں، آج حیدرآباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں سنرائزرس حیدرآباد کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ دونوں ہی ٹیمیں اِس ٹورنامنٹ میں اپنی پہلی جیت حاصل کرنے کے مقصد سے میدان پر اتریں گی۔کل رات چنئی کے، ایم۔اے۔چدمبرم اسٹیڈیم میں دفاعی چمپئنز، چنئی سپر کنگس نے گجرات ٹائٹنس کو 63 رن سے شکست دی۔ 207 رن کا جیت کا نشانہ حاصل کرتے ہوئے گجرات ٹائٹنس مقررہ 20 اوورس میں آٹھ وکٹ پر 143 رن ہی بنا سکی۔ چنئی کے بلے باز شوم دوبے نے محض 23 گیندوں میں 51 رن بنائے اور انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔